آسٹریلیا	۴	۴	صفر	صفر	۱۱	۴	۸
نیدرلینڈ	۴	۳	صفر	۱	۱۵	۹	۶
انڈیا	۴	۲	صفر	۱	۱۴	۸	۴
انگلینڈ	۴	۱	۱	۲	۳	۹	۳
روس	۴	صفر	۱	۲	۵	۱۹	۱
ملائیشیا	۴	صفر	صفر	۴	۳	۱۴	صفر

ساڑھی پاکستانی لباس نہیں!

اسلام آباد — سرکاری ملازمین سے کہا گیا ہے کہ وہ دفاتر اور تقریبات میں قومی یا علاقائی لباس پہن کر آئیں۔ معلوم ہوا ہے کہ خاتون ملازمین سے کہا گیا ہے کہ ساڑھی کی بجائے شلوار قمیص یا اپنا علاقائی لباس پہنیں۔ کہا گیا ہے کہ پاکستان کے کسی بھی علاقے کا لباس ساڑھی نہیں ہے۔ [illegible] پاکستانی خواتین کی اکثریت کا لباس ساڑھی تھا۔ [illegible] ساڑھی ہندو عورتوں کا لباس ہے۔

پاکستانی سفارت خانوں میں صرف شادی شدہ لوگوں کو تعینات کیا جائے گا

راولپنڈی — حکومت پاکستان کے فیصلہ کے مطابق آئندہ بیرونی ممالک میں تمام پاکستانی سفارت خانوں اور دوسرے اداروں میں صرف شادی شدہ پاکستانیوں کو تعینات کیا جائے گا۔ حکومت پاکستان کے اس فیصلے سے فارن سروس کے متعدد ارکان متاثر ہوں گے [illegible]

سفیر نقاب سیاہ چیک اور مناظرہ بند

[illegible]

تکہ کباب نہ دیکھے تو کچھ نہیں دیکھا؟

حلال گوشت سے تیار شدہ گرما گرم ذائقہ دار

لذیذ کباب، چکن تکہ اور

کڑاہی گوشت | پلاؤ | بریانی

اس کے علاوہ نفیس مٹھائیاں

MANZIL RESTAURANT
Sweets & Snacks
1431 GERRARD ST. EAST TORONTO, ONT.
Tel. 466-5824
KHALID BUKHARI & BROTHERS



آپ دنیا میں کہیں بھی جانا چاہیں تو ہم آپ کے سفر کے بہتر انتظامات کرسکتے ہیں

M&J TRAVEL
1240 BAY ST., TORONTO, ONTARIO, CANADA M5R 2A7
TEL. (416) 960-8348 — 960-8475

جیتی جاگتی زندگی — ش فرخ آپ کے نفسیاتی مسائل کا حل پیش کرتی ہیں

قربتوں کی خواہش غیبتوں کے سہارے

ہم پانچ بہن بھائی ہیں۔ میری کچھ عادتیں بہت بری ہیں۔ میں بہت باتونی ہوں۔ بولنے پر آؤں تو بولتی چلی جاتی ہوں۔ جھوٹ بہت بولتی ہوں۔ ایسے ہی جھوٹے سچے قصے اپنی سہیلیوں کو سناتی رہتی ہوں۔ بہت چغلخور رہی ہوں۔ کوئی بات ہضم نہیں ہوتی۔ جب تک ایک کی بات دوسرے کو نہ بتا لوں دل کو چین نہیں پڑتا۔ اسی عادت کے باعث مجھ سے کئی پیاری سہیلیوں کو کھو دیا ہے۔

میری شکل و صورت معمولی ہے۔ میں شدید احساس کمتری کا شکار ہوں۔ دوسروں کے سامنے خود اعتمادی سے بات کر سکتی ہوں اور نہ کچھ کھا پی سکتی ہوں۔ میں خوبصورت لڑکیوں کو دیکھ کر گھنٹوں ان کے بارے میں سوچتی رہتی ہوں۔

میں پڑھائی میں ہمیشہ اچھی رہی ہوں۔ لیکن میں نے ہمیشہ یہ محسوس کیا ہے کہ جن لڑکیوں کی شکل و صورت اچھی ہوتی ہے ہمیشہ انہی کو اہمیت دی جاتی ہے۔ لیکن میرا عالم یہ ہے کہ اگر کہیں جانا ہو تو لباس کا صحیح انتخاب نہیں کر سکتی۔

طاہرہ — لندن

کیوں بھلا! کیا اس وقت یہ سوچتی ہیں کہ لباس چاہے جیسا بھی پہن لوں، اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ وہاں بھی مجھے کوئی اہمیت نہیں ملے گی۔ اور یوں بھی اگر کسی سے ملنے جائیں تو میزبان کے پاس اپنے مہمانوں کو آسمان تک پہنچانے کے لئے کوئی زینہ نہیں ہوتا۔ ہم دوسروں کے یہاں اپنی شخصیت کی دھاک جمانے کے لئے نہیں جاتے یہ میل جول آپس کی محبت کی بنا پر ہوتا ہے۔ اس نے محبت سے بلایا اور ہم نے اس کی چاہت کی قدر کی اور ملنے چلے گئے۔

اچھی شکل و صورت ہر ایک کو اچھی لگتی ہے۔ لیکن صرف اسی سے شخصیت کی تکمیل نہیں ہوتی۔ یہ بھی ہوتا ہے کہ اچھی شکلیں اپنی کند ذہنی اور ناپسندیدہ اطوار کی بنا پر جاذبیت کھو دیتی ہیں۔ اس کے برعکس معمولی وضع قطع والے چہرے ذہانت شائستگی سے بڑے پیارے ہو جاتے ہیں۔

میں نے آپ کی صورت نہیں دیکھی۔ خدا جانے اس میں کیا خرابی ہے۔ رنگت کالی، بھینگی آنکھیں، پکوڑے جیسی ناک، موٹے موٹے ہونٹ۔ کچھ دیکھے نہیں، ایسی تو کوئی بات نہیں۔ میری شکل اب اتنی بھی بری نہیں۔ بس میں خوبصورت نہیں ہوں۔ تو چلئے! پھر خوبصورت بن جائیے۔ دوسروں سے محبت کر کے ان کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھا کر، ان کے دکھ بٹا کر، ان کی خوشی پر خوش ہو کر۔

افسوس تو اس بات کا ہے کہ آپ نے دوسروں کا قرب حاصل کرنے کے لئے غیبت کا سہارا لیا۔ مقبولیت حاصل کرنے کے لئے جھوٹ سچ کے قصے گھڑنے لگیں۔ لیکن آپ اپنی ان کمزوریوں سے واقف ہیں۔ ان کے نقصان بھی برداشت کر چکی ہیں۔ اپنی کسی کمزوری کا احساس ہو جائے تو اسے ترک کرنا آسان ہوتا ہے۔ مشکل صرف یہ ہے کہ آپ کی دوستوں نے آپ پر اعتماد کرنا چھوڑ دیا ہوگا۔ لیکن آپ اپنی منفی عادتوں کو مثبت رنگ دیں گی تو ان کا اعتماد ضرور بحال ہو جائے گا۔

سائیکل کا حادثہ

چار پانچ سال قبل میں نے جونہی بی ایچ ڈی مکمل کیا میرا ایکسیڈنٹ ہو گیا۔ میں سائیکل پر سوار تھی کہ پیچھے سے کار والے نے ٹکر ماری اور میں کافی دور جا گری۔ کو لہے میں گہرا زخم آیا اور بازو کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ تین ماہ بستر پر پڑا رہنے کے بعد ٹھیک ہو گئی۔

لیکن اب بھی ذہن پر ایک خوف سوار رہتا ہے چائے کی پیالی لے کر نہیں چل سکتی کیونکہ چال میں لڑکھڑاہٹ ہوتی ہے۔ ہر وقت یہ خوف رہتا ہے کہ گر جاؤں گی۔ بارش کے دنوں میں گیلی جگہ پر پاؤں جما کر نہیں رکھ سکتی۔ سیڑھیوں پر چڑھتے اترتے ہوئے خوف آتا ہے۔

آج کل میں ایک اسکول میں پڑھاتی ہوں۔ جی چاہتا ہے کہ نرسنگ میں داخلہ لے لوں۔ شاید دن رات کی مصروفیت کے باعث دل سے یہ خوف نکل جائے۔

کوثر۔ پرستش

آپ جانتے کہ آپ نے بہت لیا کھینچ لیا ہے، پھر اپنے خوف کی کئی انداز سے پرورش بھی کی۔ حادثے ہوتے رہتے ہیں۔ جسمانی چوٹوں کے علاوہ ان کا ذہن پر بھی اثر ہوتا ہے۔ خود اعتمادی میں کمی آ جاتی ہے۔ ایسے حادثات کی کئی ایک مثالیں ہیں۔ مثلاً ایک خاتون کا کار کا حادثہ ہوا۔ کار بس سے ٹکرا گئی لیکن حادثے کے بعد ان محترمہ نے اس بات کو ترجیح دی کہ کار کو خود چلا کر گھر لے آئیں۔ اس کے بعد بھی وہ کار چلاتے ہوئے خوفزدہ رہتی تھیں۔ انہیں یہی محسوس ہوتا تھا کہ اب پھر کسی بس سے ٹکرا جائے گی۔ لیکن انہوں نے اپنے خوف کو ناکامی بنانے کی بجائے اسے محتاط رہنے کی ایک تنبیہ سمجھ لیا اور مسلسل ڈرائیونگ کرتی رہیں۔ کچھ عرصہ بعد انہیں اپنے اس خوف سے نجات مل گئی۔

آپ کا حادثہ اس وقت ہوا جب آپ سائیکل پر سوار تھیں۔ چلئے آپ سائیکل چلانا چھوڑ دیں۔ لیکن آپ تو چائے کی پیالی میں سائیکل کا ناکام تجربہ گھول دیتی ہیں۔ آپ اگر اسکول کی ملازمت سے مطمئن نہیں تو کسی فنی تربیت کا خیال اچھا ہے۔ بشرطیکہ آپ کو اس میں دلچسپی ہو۔ شوق اور لگن سے بھی بہت سے خوف ختم ہو جاتے ہیں۔ ذہن پر کوئی دھن سوار ہو تو انسان آگ میں بھی کود پڑتا ہے۔

غزل

جن کے نزدیک پیار کچھ بھی نہیں
ہم انہی سے پیار کرتے ہیں
وہ بدلتا ہے موسموں کی طرح
پھر بھی ہم اعتبار کرتے ہیں
دل کو تیر نظر چلاتے ہیں
رات کو سیلنوں میں وار کرتے ہیں
ہم نے سمجھا رقیب کو بھی رفیق
دشمنی ہم سے یار کرتے ہیں
بیتے لمحے نہ لوٹ کر آئے
جن کا ہم انتظار کرتے ہیں
کتنے نادان ہیں ہم بھی پروانہ
شمع پر جان نثار کرتے ہیں

— پرویز پروانہ

ہو کر کو دپڑتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی خود ترغیبی سے کام لیتے ہوئے بار بار خود کو یقین دلائیں کہ میں اب بالکل ٹھیک ہوں۔ اب مجھے پچھلے حادثے کا کوئی اثر نہیں۔ حادثے بار بار نہیں ہوتے۔

تیز چائے کی پیالی پکڑ کر ہاتھ کانپتے ہیں تو کانپنے دیں۔ کیا ہوگا۔ پیالی ہی ٹوٹے گی۔ کوشش یہ کریں کہ ایسا نہ ہو۔ اعصابی سکون کے لئے ڈاکٹر سے بھی مشورہ کر لیں۔

نئے گھر کی پریشانی

ہم حال ہی میں نئے گھر میں آئے ہیں۔ یہ ایک بیوہ خاتون کا گھر ہے۔ اس کے دو بچے ہیں۔ بیٹا دوسرے شہر میں پڑھتا ہے۔ بیٹی بھی پڑھتی ہے۔ اس عورت کی عمر پچاس کے لگ بھگ ہوگی۔

جب سے میں اس گھر میں آئی ہوں میرا ذہنی سکون ختم ہو گیا ہے۔ میرے شوہر نے اس عورت کو سر پر چڑھا رکھا ہے۔ کبھی کبھی تھے خالہ خالہ کا کام کر دیں۔ ہمارے پاس ٹی وی نہیں ہے۔ میرے شوہر اس کے پاس جا کر ٹی وی دیکھتے ہیں۔

خالہ بھی کرایہ دار کی ان مہربانیوں پر خوش ہیں۔ آپ ایسی عورتوں کو جانتی ہوں گی۔ جو مردوں کا لبھاتی ہیں۔ میرا دل اپنے شوہر سے کھٹا ہو گیا ہے۔ میں سوچا کرتی تھی کہ میری شادی ایسے مرد سے ہوگی جو کسی عورت سے بات کرنا گناہ تصور کرے گا۔ میں کسی غیر مرد سے ہنستی بولتی نہیں۔ شوہر کے اس رویہ پر جی چاہتا ہے کہ ان سے طلاق لے لوں۔

مکان کے ایک حصہ میں ہم رہتے ہیں گھر کے دو گیٹ ہیں میں نے اپنے شوہر سے کئی بار کہا کہ اپنے گیٹ سے آیا جایا کریں تو اس بات پر خفا ہو گئے۔ وہ عورت چاہتی ہے اس کا بیٹا میرے شوہر کا دوست ہے۔ اس کے مرحوم شوہر میرے میاں کے زیر علاج رہتے۔ صبح جب میرے میاں گھر سے نکل کر کلینک جاتے ہیں تو وہ بھی باہر نکل آتی ہے جیسے وہ انہی کی بیوی ہو۔ یہ بھی ان کا حال چال پوچھیں گے

میں نے تو ایک روز اپنے میاں سے کہہ دیا تھا کہ وہ آپ کی منتظر رہتی ہے اس پر وہ بہت خفا ہوئے سوچتی ہوں کسی طرح ان سے چھٹکارا مل جائے چاہے وہ طلاق سے عقد ہی کر لیں۔

(بیگم شیخ رضوی — مرحوم)

توبہ یا اللہ آپ نے تو حد کر دی یعنی اسی کو کہتے ہیں رائی کا پہاڑ بنانا۔ یقین کریں مجھے آپ کی بیان کردہ کہانی سے آپ کے شوہر یا خالہ کی بدنیتی کا قطعی اندازہ نہیں ہوا۔ سوائے اس کے کہ آپ کے گھر کا سکون متاثر ہو رہا ہے۔

یقیناً ہر کوئی کسی دوسرے شخص کی بے جا دخل اندازی کو پسند نہیں کرتا۔ اچھے پڑوسی بھی اگر آتے جاتے ٹوہ لیتے رہیں کہ آج آپ نے کیا پکایا ہے اور کل رات آپ کے میاں دیر سے کیوں گھر آئے تھے۔ اور پہچھلے آپ کے ہاں کوئی مہمان آئے تھے تو اس قسم کا تجسس گھر یلو زندگی میں مخل ہوتا ہے۔ ہر کوئی اپنے گھر میں اپنے طریقے سے رہنا چاہتا ہے۔

یقین کیجئے آپ کی مالک مکان بری عورت نہیں۔ آپ خواہ مخواہ ان پر تہمت لگا رہی ہیں وہ اکیلی عورت ہیں۔ بیٹا بھی پاس نہیں۔ وہ اپنے مرحوم شوہر کے معالج سے ہمدردی چاہتی رہی ہیں گی۔ لیکن یہ سراسر زیادتی ہے کہ آپ اس معاملے کو جھنجھٹ سے اپنی طلاق اور خالہ سے عقد تک پہنچا دیں۔ پھر آپ کے میاں کا پیشہ ہی ایسا ہے۔ وہ دوا بھی دیتے ہیں اور ہمدردی بھی کرتے ہیں۔

بجائے اس کے کہ آپ اپنے میاں یا خالہ پر کیچڑ اچھالیں آپ یہ سوچیں اپنے شوہر کو ضرور دکھائیں۔ وہ پڑھے لکھے ہیں۔ یہ جان جائیں گے کہ آپ اپنے گھر میں مخل کی خواہاں ہیں۔ اگرچہ دوسری طرف کے گیٹ سے ان کی آمد و رفت میں کوئی ہرج نہیں۔ لیکن اس سے آپ کے دل کو تسلی ہوتی ہے تو انہیں ایسا ضرور کرنا چاہئے۔ انہیں اپنے گھر کے لئے ٹی وی خرید لینا چاہئے۔

ماں باپ کے جھگڑے

ہم پانچ بہن بھائی ہیں۔ سب تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ میں ان میں سب سے بڑا ہوں۔

میرے ماں باپ کے درمیان ہر وقت لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا ہے۔ ان میں کسی بات پر اتفاق نہیں ہوتا۔ کبھی اخراجات پر جھگڑا ہوا۔ کبھی بچوں کی وجہ سے لڑنے لگے۔ حالانکہ کوئی ایسی بڑی بات نہیں ہوتی کہ آسمان سر پر اٹھا لیا جائے۔ لیکن چھوٹی سی بات پر جھگڑا شروع ہو کر اس قدر شدت اختیار کر لیتا ہے کہ مرنے مارنے پر تل جاتے ہیں۔ والد صاحب گالی گلوچ سے بھی پرہیز نہیں کرتے۔

میں اپنے گھر کی اس صورت حال سے سخت پریشان رہتا ہوں۔ اس کا اثر میری پڑھائی پر ہوتا ہے۔ لیکن یہ سب ہمارے گھریلو ماحول کا ایک حصہ بن چکا ہے۔ بہن بھائیوں کا یہ حال ہے کہ وہ کسی کی بات برداشت نہیں کر سکتے۔ ایک دوسرے کو کاٹنے کو دوڑتے ہیں۔

سہیل — لیوٹن

سہیل میاں، اگر آپ اپنے والدین کے درمیان اس ناچاقی اور مستقل اختلاف کی اصل وجہ معلوم کر لیں تو شاید صورت حال پر اس قدر آزردہ نہ ہوں۔

میاں بیوی شادی کے ابتدائی برسوں میں بھی اس طرح چیخ چیخ کر نہیں جھگڑتے۔ البتہ باہمی مخاصمت ہوسکتی کی وجہ سے ایک دوسرے سے خفا ضرور ہو سکتے ہیں۔ تب وہ ایک دوسرے پر برسنے کی بجائے دل ہی دل میں کڑھتے ہیں۔ اس وقت وہ دونوں کو ایک دوسرے سے بہت سی توقعات اور خوش فہمیاں ہوتی ہیں۔ یہ مستقل ملاپ لگتا ہے۔ آپ کے والدین نے پانچ بچے اس امید پر پیدا کئے کہ یہ بڑے ہو کر سہارا بنیں گے۔ آپ لوگ جوں جوں بڑے ہوتے گئے ان کی قوت برداشت کم ہوتی گئی۔ انہیں فرسٹریشن یا محرومی کا احساس ہونے لگا۔ محرومی کے احساس نے بد مزاجی پیدا کر دی ہے۔ اپنی خواہشوں یا ضرورتوں کی تکمیل کی رفتار سست اور ناہموار ہو تو مزاج میں بے صبری پیدا ہوتی ہے۔ والدین کے اس تشدد آمیز رویہ کی ایک وجہ گھر میں گنجائش کی قلت بھی ہے۔ گھر چھوٹا، لوگ زیادہ، آمدنی کم، پیٹ زیادہ۔ آپ نے بہن بھائی ان بھیڑ بکریوں کی مانند ہیں جنہیں تنگ ڈربے میں بند کر دیا گیا ہو لڑ لڑ کر بے حال ہو جاتے ہیں۔

آپ پریشان نہ ہوں۔ آپ کا احساس ہر کیف بہت اچھا ہوا۔ آپ و والد کی سے کام کرنے نہ چند سال بعد یہ حالات بدل جائیں گے۔ جب لڑکے کمانے لگے۔ لڑکیاں اپنے گھر کی ہو گئیں، پھر آپ کے والدین جھگڑا ایک دوسرے کے محبوب بن کر رہیں گے۔ پھر یہ بھی کام آپ نے ابا کو خط لکھا کہ آپ چند روز کے لئے امی کو ہمارے پاس بھیج دیں تو اس کے جواب میں آپ کے ابا کا خط آئے گا کہ نہیں بھیجی۔ میں تمہاری امی کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ بہتر ہے تم لوگ اگلی چھٹیوں میں یہاں آ جاؤ۔ غرض شاید قدرت ہے بہت شاید۔

آپ کی ڈاک

[illegible]

نوجوان کا سر کاٹ کر دیوی کے قدموں میں رکھ دیا

شاہجہاں پور، بھارت — (رپورٹ) ایک پجاری نے دیوی کی خوشنودی کے لئے ایک نوجوان کا سر کاٹ کر دیوی کو بھینٹ چڑھا دیا۔ بتایا گیا ہے کہ ملزم پجاری کا دشمن نامی پجاری نوجوان دیویندر کو کسی بہانے سے اپنے گھر لے گیا۔ اور گھر میں داخل ہوتے ہی اس نے تلوار سے نوجوان کا سر تن سے جدا کر دیا اور پھر سر دیوی کے قدموں میں رکھ کر غائب ہو گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا۔

حلال گوشت • چوزے
مرغیاں • گروسری
تازہ ترین سبزیاں، اور پاکستان و انڈیا کے مصالحہ جات
ZABEEHA STORE
MEAT & GROCERY
1536 WARDEN AVENUE SCARBOROUGH, ONT.
TELEPHONE: 445-1272

شادی کے بعد لندن پہنچنے پر دلہن کو پتہ چلا کہ اس کا شوہر انجینئر نہیں، گودی پر مزدوری کرتا ہے

تحریر: شاہدہ مسعود

لڑکا لندن میں ہے، معقول آمدنی ہے، خوش شکل ہے، اچھے خاندان کا ہے، لڑکی کے والدین کو اور کیا چاہیے میرے والدین کو بھی جب یہ رشتہ ملا تو ان کی خوشی کی حد نہ رہی اور انہوں نے کسی خاص تحقیق و تفتیش کے بغیر ہی گریجویٹ لڑکی کا رشتہ طے کر دیا فوری طور پر نکاح ہوا اور مجھے بابل کے گھر سے رخصت کر کے ہوائی جہاز میں بٹھا کر رخصت کر دیا گیا لندن ایئرپورٹ پر چند لوگ مجھے لینے کے لئے موجود تھے ان میں ایک ادھیڑ عمر صاحب بھی تھے ان کی شکل میرے ان نوجوان شوہر سے ملتی جلتی تھی جس کی تصویر مجھے کراچی میں دکھائی گئی تھی میں سمجھی شاید ان کے رشتے کے بھائی ہوں گے لیکن جلد ہی مجھ پر یہ عقدہ کھل گیا کہ موصوف میرے شوہر کے رشتے کے بھائی نہیں بلکہ شوہر ہی ہیں اور جو تصویر نمونے کے طور پر بھیجی گئی تھی وہ دس بارہ سال پرانی تھی ابھی میں اس ذہنی صدمے سے سنبھلنے بھی نہ پائی تھی کہ ٹیکسی ان کے گھر پہنچ گئی۔

ایک مدت تک ذکر کر کے میرے ذہن میں جس شاندار عالیشان گھر کا نقشہ جمایا گیا تھا وہ ایک تنگ سی گلی میں ایک گندا سا کمرہ تھا بعد میں معلوم ہوا کہ یہ علاقہ لندن کے سستے اور بدنام علاقوں میں سے ایک ہے میرے شوہر کے بارے میں بتایا گیا تھا کہ بندرگاہ کے ایک افسر ہیں وہ واقعتاً بندرگاہ پر ہی کام کرتے تھے اور گودی مزدور تھے۔ ایک کم پڑھے لکھے آدمی کی "افسری" اسی حد تک ہو سکتی تھی۔ میں نے صبر و شکر کے ساتھ حالات کو قبول کر لیا۔ میرے شوہر کو گودی پر کام کرنے کی وجہ سے کچھ پینے پلانے کا شوق بھی تھا ان کے دوستوں میں بھی زیادہ تر ایسے ہی لوگ تھے جن کے ساتھ وہ وقتاً فوقتاً مختلف تقریبیں ترتیب دیتے تھے یہ تقریبیں ثقافتی یا سوشل اجتماع سے زیادہ "ڈاؤن" ہونے والی تقریبیں ہوتی تھیں میں نے بڑی مشکلوں سے اپنے شوہر کو ان بے ہنگم دوستوں اور تقریبات سے بچایا ہے میں نے یہاں کے ایک مشہور اسٹور میں نوکری کر لی ہے اور کچھ رقم پس انداز کر کے اب ہم نے اپنا مکان تبدیل کر لیا ہے ہم اب بھی ایک چھوٹے سے مکان میں رہتے ہیں مگر وہ پہلے والے مکان سے یقیناً بہتر ہے اور اب مجھے یہ ڈر نہیں رہتا کہ اگر لندن میں کسی عزیز یا رشتہ دار سے ملاقات ہو جائے اور وہ ہمارے مکان پر آنے کی خواہش ظاہر کرے تو کوئی بہانہ تراشنا پڑے گا اب ہم بعض تقریبات میں بھی جانے لگے ہیں میرے شوہر کو اور مجھے جو لوگ تقریبات میں دیکھتے ہیں وہ یہی سمجھتے ہیں کہ ہماری زندگی قابل رشک ہے مگر حقیقت حال میں ہی جانتی ہوں شادی کے بعد میں نے اپنے گھر والوں کو جتنے بھی خط لکھے ہیں ان میں یہی لکھا ہے کہ میں بڑے مزے میں ہوں میرے میاں ہر ہفتے اپنی کار میں مجھے گھمانے کے لئے دوسرے شہر لے جاتے ہیں اور ہم بڑے آرام سے ہیں حالانکہ صورت حال یہ ہے کہ ہم اپنے اخراجات پورے کرنے کے لئے "ویک اینڈ" پر بھی کام تلاش کرتے ہیں میرے والدین بہت خوش ہیں کہ انہوں نے اپنی بیٹی کو لندن میں ایک معقول شخص سے بیاہ دیا ہے اور وہ وہاں مزے کر رہی ہے۔

یہ ایک ایسی لڑکی کی کہانی ہے جس کے والدین نے محض اس لئے سات سمندر پار بیاہ کر بھیج دیا کہ ان کے خیال میں لندن میں رہنے والا ہر شخص خوش شکل، اعلیٰ تعلیم یافتہ اور بہت مہذب ہوتا ہے ان کی گریجویٹ لڑکی کو اپنے جاہل اور غیر مہذب شوہر سے نباہ کرنے میں کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا اور اسے جنت جیسی زندگی کا خواب دکھا کر کس عذاب میں مبتلا کر دیا گیا اس کا اندازہ کسی کو بھی نہیں ہو سکتا

مگر یہ ایک ہی کہانی نہیں ہے ایسی بے شمار کہانیاں ہیں ان میں سے کچھ اخبارات میں چھپ چکی ہیں اور بہت سی ان کہی ہیں اوپر جن خاتون کی کہانی بیان کی گئی ہے ان کے میاں کی بہر حال اس سلسلہ میں تو تعریف کرنی پڑے گی کہ انہوں نے اپنی بیوی کے ساتھ تعاون کیا اور ان کی سمجھ داری سے ان کے گھر کی حالت بہتر بنانے اور خود انہیں معاشرہ کا ایک باعزت فرد بنانے کی جو کوششیں کیں ان میں انہوں نے بھی خلوص کے ساتھ حصہ لیا۔ مگر بعض داستانیں واقعی بڑی افسوسناک ہوتی ہیں مثلاً ایک صاحب جو واقعی قبول صورت اور پرکشش شخصیت کے مالک تھے پاکستان آتے اپنے بزنس کا ذکر کر کے خوب صورت لڑکیوں اور ان کے والدین سے ربط ضبط بڑھاتے اور باقاعدہ شادی کر لیتے تھے ان کا "بزنس" بہت سے ملکوں میں پھیلا ہوا ہے اس لئے یہ دلہنیں مختلف ملکوں میں جاتیں ہر دلہن یہی سمجھتی کہ وہ ہی ان کی واحد بیوی ہے وہ اسے کسی دوست کے ہاں ٹھہراتے اور چند روز بعد فوری ضرورت کے تحت "بزنس ٹور" پر نکل جاتے ان کے جانے کے بعد دلہن کو علم ہوتا کہ وہ فروخت کی جا چکی ہے اور جو شخص اس سے نکاح کر کے لایا ہے وہ اس کا شوہر نہیں ایک بردہ فروش تھا۔

ایک اور دلہن کو غیر ملک میں پہنچنے کے فوراً بعد معلوم ہوا کہ وہاں ان کے شوہر کی پہلے سے ایک بیوی اور کئی بچے موجود ہیں پاکستان میں انہوں نے شادی محض اس لئے کر لی تھی کہ ان کے والدین اپنے بیٹے کے سر پر سہرے کے پھول دیکھنا چاہتے تھے ان میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ اپنے والدین کو یہ بتا سکتے کہ وہ پہلے سے شادی شدہ ہیں اس لئے سہرا باندھ کر دلہن کو رخصت کرا لائے مگر چونکہ دل میں چور تھا اسی لئے دوران سفر بھی کچھ پریشان سے رہے اور منزل مقصود پر پہنچنے کے بعد اپنی نئی نویلی دلہن کو اپنے گھر لے جانے کی بجائے ایک ہوٹل میں لے گئے ہوٹل میں دو تین دن گزارنے کے بعد انہوں نے بڑے معذرت آمیز انداز میں اسے صورتحال بتائی وہ بیچاری اس حالت میں بھی ان کے ساتھ تعاون پر آمادہ ہو گئی مگر انہوں نے کہا کہ ان کی سابقہ بیوی کو اگر اس شادی کا پتہ چل گیا تو بڑا ہنگامہ ہو جائے گا اور وہ اپنی پہلی بیوی اور بچوں سے دستبردار نہیں ہو سکتے انہوں نے اپنی نئی دلہن کو مشورہ دیا کہ اس شہر میں باصلاحیت اور پڑھے لکھے آدمی کے لئے بہت مواقع ہیں، اپنے اخراجات کے لئے ملازمت تلاش کرو اور فلیٹ کرایہ پر لے کر رہو۔ اب وہ خاتون ایک اسٹور میں کام کر رہی ہیں اور شوہر کی زندگی میں بیوگی کی زندگی بسر کر رہی ہیں۔

ایک خاندان کے لوگوں کے لئے یہ بات بڑی مسرت کا باعث تھی کہ ان کے داماد ان کی بیٹی کو لے کر ہر دو تین ماہ کے بعد پاکستان کا چکر لگاتے رہتے تھے اور اپنے تمام عزیز رشتہ داروں کے لئے تحفے تحائف بھی لاتے رہتے تھے سارے ہی رشتہ دار اس لڑکی کی قسمت پر رشک کرتے تھے کہ دیکھو یورپ میں کس ٹھاٹھ باٹ سے وہ رہتی ہے اور ماں باپ سے بھی جلدی جلدی ملاقات کے لئے آتی رہتی ہے میاں بیوی دونوں حسین بھی تھے اور خوش قسمت بھی، لوگوں سے ملنے جلنے میں بھی بہت اچھے تھے سب ہی ان کی تعریف کرتے تھے مگر پھر یہ ہوا کہ ایک دفعہ جب وہ پاکستان میں چند روز قیام کرنے کے بعد واپس گئے تو ہیروئن کی اسمگلنگ کے الزام کے تحت دھر لئے گئے اور یوں ان کے جلد جلد دوروں کا راز کھلا۔

میں یہ نہیں کہتی کہ لندن، امریکہ، فرانس، کینیڈا، ناروے، ابوظہبی، کویت اور دوسرے ممالک میں رہنے والے نوجوانوں سے اپنی لڑکیوں کی شادی کا خطرہ ہی مول نہ لیا جائے حقیقت یہ ہے کہ ان جگہوں پر رہنے والے پاکستانیوں کی اکثریت شائستہ، معقول، دیانتدار اور اچھے لوگوں پر مشتمل ہے۔ بیشتر پڑھے لکھے لوگ اچھے کیریئر کی تلاش میں ملک سے باہر گئے ہوتے ہیں اور وہ ملک کی پڑھی لکھی اور سلیقہ شعار لڑکیوں سے شادی کے خواہشمند ہوتے ہیں۔ ان میں سے بیشتر سے شادی کر کے جانے والی لڑکیاں خوشگوار زندگی گزار رہی ہیں۔ مگر اچھے لوگوں کے درمیان بُرے لوگ بھی ہوتے ہیں بیرونی ملکوں میں کام کرنے والے اچھے لوگوں کی اکثریت کے باوجود بلا تحقیق و تفتیش اپنی بیٹی کا ہاتھ محض اس بنا پر کسی کے ہاتھ میں تھما دینا عقلمندی نہیں کہ لڑکا ولایت یا امریکہ میں رہتا ہے۔ یہ ایک لڑکی کی پوری زندگی کا سوال ہوتا ہے اپنے ملک میں ایک غلط رشتہ ہو بھی جائے تو یہاں کے حالات اور ماحول کے مطابق لڑکی کے لئے اپنے تحفظ کے مواقع ہوتے ہیں۔ مگر ہمارے ہاں کی گھریلو زندگی گزارنے والی لڑکیاں جب ایک دم کسی دوسرے ملک کے اجنبی حالات میں ہر قسم کی دشواریوں سے دوچار ہوتی ہیں تو ان کے مسائل الجھ جاتے ہیں۔ ان کا کوئی غمخوار نہیں ہوتا۔ اور انہیں بعض اوقات شرمناک زندگی گزارنا پڑتی ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ باہر کے لڑکوں سے رشتہ طے کرنے سے پہلے ان کے بارے میں مناسب تحقیق کرنی چاہئے لڑکیوں کو تاج محل کے سنہرے سپنے دکھا کر ان کی زندگیوں کو روگ لگانے سے بہتر ہے کہ ان کے لئے اس جھونپڑے میں بر تلاش کیا جائے جہاں وہ سکون سے ساتھ رہ سکیں

سسٹر نہیں، سگی بہن

امجد لطیف، لاہور

مجھے لفظ "سسٹر" کے کام اور مقام کا اس وقت احساس ہوا جب......

یہ "واقعہ" سو فیصد سچا ہے اور میں اسے "اعتراف گناہ" کے طور پر لکھ رہا ہوں۔

اس شام ہم دونوں باغ میں گھوم رہے تھے، میں نے کہا:

"اگر وقت ہو تو سینما چلیں، نئی پکچر لگی ہے"

"آج نہیں پھر کسی دن سہی" غزالہ چہکی۔

وہ ایک مقامی ہسپتال سے منسلک ہاسٹل میں رہتی تھی اور میں ایک بگڑا ہوا نوجوان جو وقتی خوشیوں کے لئے ہر چمکتی دمکتی چیز کے پیچھے بھاگتا تھا۔ آخر وہ بولی "مجھے شاپنگ کے لئے انار کلی جانا ہے۔"

ہم آہستہ آہستہ کار کی طرف چلے اور جلد ہی کار سیاہ چمکتی سڑک پر تیزی سے دوڑنے لگی۔ چند منٹ بعد ہم انار کلی میں تھے۔

"میرے اصرار پر اس نے ایک ساڑھی خریدنے پر حامی بھر لی۔ ہم ساڑھیوں کی دکان میں چلے گئے وہ ساڑھی پسند کرنے لگی خاصی تلاش کے بعد اسے نیلے رنگ کی ایک ساڑھی پسند آئی۔ پیکٹ ہونے پر اس نے سیلز مین کو اشارہ کیا کہ بل صاحب کو دے دیں میں نے جیب سے روپے نکال کر اس کے حوالے کر دیئے۔

"کل کا کیا پروگرام ہے۔۔۔؟" دکان کی سیڑھیاں اترتے ہوئے میں نے سوال کیا۔

"آپ ٹھیک تین بجے ہاسٹل پہنچ جائیں" غزالہ کے چہرے پر ایک شرارت آمیز مسکراہٹ تھی۔

اگلے روز میں ٹھیک تین بجے ہاسٹل میں تھا۔ ہال میں بہت سی لڑکیاں بیٹھی تھیں۔ اچانک چوکیدار ہاتھوں میں رجسٹر لئے میرے پاس آیا۔

"کس سے ملنا ہے صاحب"؟ اس نے مجھے بغور دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"غزالہ۔۔۔ سے"

"اس میں درج کر دیں" اس نے رجسٹر میری طرف کیا۔ رجسٹر میں مختلف کالم بنے ہوئے تھے۔ یونہی وقت گزاری کے لئے میں ان کالموں کو پڑھ کر تا چلا۔ آخری کالم، ملاقاتی کا رشتہ پر پہنچا اور ایک لمحے کے لئے تذبذب میں پڑ گیا۔ اس مشکل سے نجات پانے کے لئے میں نے اپنے سے پہلے آنے والوں کی تحریروں پر نظر ڈالی جا بجا "بہن" کا لفظ لکھا ہوا تھا میں چکرا کر رہ گیا۔ اس فہرست میں لکھے ہوئے "بہن" کے ہر لفظ سے مجھے معصوم اور مقدس چہرے ابھرتے ہوئے دکھائی دیئے ان میں سے ایک چہرہ میری اپنی بہن کا بھی تھا جسے میں گھر میں کورس کی کتابیں پڑھتے ہوئے چھوڑ کر آیا تھا۔ قلم میرے ہاتھوں میں کانپنے لگا۔ چوکیدار شاید میری مشکل سمجھ گیا تھا۔ کہنے لگا:

"اس خانے میں بہن ہی لکھ دو، گھبراؤ نہیں یہ سب سسٹر لوگ ہیں۔ صاحب، انگریزی میں سسٹر بہن کو کہتے ہیں۔"

میں نے لرزتے ہاتھوں سے بہن لکھ دیا چوکیدار ہنسا اور بولا "ہمیں سب معلوم ہے کہ کون کس کا بہن ہے یہاں آنے والے اس خانے میں بہن کا لفظ ہی لکھتے ہیں۔ آپ انتظار کریں میں ابھی ان کو بلاتا ہوں۔ البتہ ہمارا خیال رکھیں۔ ہم غریب لوگ، آپ ہی کا دیا کھاتے ہیں جناب۔" یہ کہہ کر وہ اپنی داڑھی کھجاتا اندر چلا گیا میرا دل ڈوبنے لگا بار بار اپنی بہن کا چہرہ سامنے آتا۔ پھر غزالہ کو دیئے ہوئے تمام تحفے میری آنکھوں کے سامنے آ گئے۔ میں اس کے ساتھ اپنے تعلقات کی نوعیت پر غور کرنے سے پانی پانی ہو گیا اندرونی کشمکش سے بچنے کے لئے میں نے سڑک پر ادھر ادھر دیکھنا شروع کر دیا۔ ایک نوجوان سکوٹر لئے کھڑا تھا۔ جس نے مجھ سے پہلے اپنا نام لکھا تھا اور جس کی بہن "آئی" تو وہ بہن نہیں تھی۔ شکل سے بھی اور ملاقات کے انداز سے بھی۔ وہ اور اس کا "بھائی" سامنے بنچ پر بیٹھے سرگوشیاں کر رہے تھے۔ میری پچھلی جانب ادھیڑ عمر کا ایک معزز آدمی ہونٹوں میں سگار دبائے گاڑی میں بیٹھا عینک کے موٹے شیشوں کے پیچھے سے ہاسٹل کے صدر دروازے کی طرف دیکھ رہا تھا میں اس سے پہلے بھی کئی بار اسے یہاں دیکھ چکا تھا اور غزالہ اس لڑکی کے بارے میں مجھے بتا چکی تھی جو اس شخص کی "دوست" تھی۔ سب کو اپنی بہنوں کا انتظار تھا۔ اپنی "سسٹروں" کا۔ بہن کا لفظ تیر کی طرح میرے دل میں اتر گیا۔ میرا ذہن ماؤف ہو گیا۔ اتنے سارے "بھائیوں" کے ساتھ کچھ اصل ملاقاتی بھی تھے ایک بیمار عورت اور اس کی بچی جس نے رشتے کے کالم میں بیٹی لکھا تھا اور ایک معمر آدمی جس نے پہلے سے ہی اپنی بہن لکھی تھی اور عینک کی ایک کمانی ٹوٹی ہوئی تھی۔ یہ لوگ واقعی اپنی بیٹیوں اور اپنی بہنوں سے ملنے آئے تھے۔

تھوڑی دیر بعد میری "بہن" بھی آ گئی۔ شوخ اور خوبصورت کپڑوں میں، دوپٹہ گلے میں جھولتا ہوا، آنکھوں سے چھوٹتی ہوئی مسرت۔ جانے کیا ہوا، اس بار میں نظروں ہی نظروں میں اسے دیکھنے کا لطف نہ اٹھا سکا۔ میری نظریں خود بخود جھک گئیں۔ جیسے وہ کوئی خوفناک شے ہو اور اگلے ہی لمحے میں نے کہا "میں کہیں نہیں جا سکوں گا اور سسٹر غزالہ آج کے بعد آپ مجھے یہاں نہیں دیکھیں گی" اس سے پیشتر کہ وہ کچھ کہے میں مڑا اور تیزی سے باہر آ گیا۔ رات کو جب میں بستر میں کروٹیں بدل رہا تھا اور میری چھوٹی بہن میرے سر پر تیل رکھتی اور اٹھاتی تھی تو مجھے لفظ "سسٹر" کے کام اور مقام کا احساس ہوا۔ میں نے اپنے آپ سے جو وعدہ کیا تھا۔ خدا کا شکر ہے کہ اسے اب تک نبھا رہا ہوں، آپ بھی دعا کیجئے کہ خدا میرے گزشتہ گناہ معاف کر دے۔

fortnightly
al-Hilal

Vol.10, No.21
January 20, 1982
Phone: 424-1989, 493-4374

50 ¢

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

پاکستان غیر جانبداری کی پالیسی پر کاربند رہے گا: ضیا

وفاقی مجلس شوریٰ کا اجلاس ہر ماہ منعقد ہوگا: جنرل ضیا

موجودہ اجلاس کے بعد مجلس شوریٰ کے باقی اراکین کے ناموں کا اعلان کردیا جائے گا

[illegible]

بیرون ملک پاکستانی سفارتخانے پاکستانیوں کے مسائل پر توجہ دیں

ہمارے سفیروں کا طرز عمل نظریۂ پاکستان کا آئینہ دار ہونا چاہیے

[illegible]

عملی طور پر روپے کی قیمت میں کمی کردی گئی ہے: ملک قاسم

روپے کی ڈالر سے وابستگی ختم کرنے کا فیصلہ صحیح نہیں ہے

[illegible]

دہلی کے کلبوں میں شراب

[illegible]

پوسٹر کی ضبطی

[illegible]

کراچی میں غیر ممالک میں مقیم پاکستانیوں کے لئے نیا رہائشی منصوبہ

تین سو، دو منزلہ بنگلے تعمیر کئے جائیں گے

[illegible]

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو کینیڈا

▫ سالانہ زر خریداری برائے "الہلال": ستر ڈالر
▫ سالانہ زر خریداری برائے "کریسنٹ": ستر ڈالر
▫ سالانہ زر خریداری برائے الہلال و کریسنٹ: اٹھائیس ڈالر

کوپن خریداری

Name ....
Address ....
....
....
Postal Code .... Telephone ....

زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور ذیل کے پتہ پر بھیجئے:
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجئے ☐

بوڑھے سیاستدانوں اور ریٹائرڈ فوجیوں کی لیڈری ختم کی جائے

کبھی پختونستان کی بات نہیں کی، ہم مملکت سے تعاون کرتے ہیں: ولی خان

لاہور — سابق نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ خان عبدالولی خان نے کہا ہے کہ بوڑھے سیاستدانوں اور ریٹائرڈ فوجیوں کی لیڈری ختم کرنے کے لئے قانون بنانے چاہئیں انہوں نے یہ بات ہفت روزہ چٹان کے ایک انٹرویو میں کہی ہے جو اس جریدے کے تازہ شمارے میں شائع ہوا ہے۔ خان عبدالولی خان نے کہا کہ ہم نے کبھی پختونستان کی بات نہیں کی۔ ہم نے اختلاف کے باوجود کبھی شر پسندوں کی حوصلہ افزائی نہیں کی۔ ہمارا تعاون مملکت سے ہے۔

[illegible]